F.6-4 (Edit)/2021 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 25/12/2021

آج مالیگاؤں قومی اردو کتاب میلے کا آخری دن، شائقینِ علم و ادب کے لیے عمدہ و معیاری کتابوں کے حصول کا زریں موقع

میلے کے آٹھویں دن اسکولی طلبہ و طالبات کے درمیان سائنس ایگزیبیشن کمپٹیشن، ہزاروں عوام سمیت سرکردہ علمی، ادبی و سماجی شخصیات کی شرکت، لاکھوں کی کتابیں خریدی گئیں

مالیگاؤں: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے زیر اہتمام جاری چوبیسویں قومی اردو کتاب میلے کا آٹھواں دن بھی بہت کامیاب رہا اور مالیگاؤں و اطراف اور دور دراز کے شہروں سے آنے والے شائقینِ کتب نے لاکھوں کی خریداری کی۔ آج مالیگاؤں کے اسکولی طلبہ و طالبات کے مابین سائنس ایگزیبیشن کمپٹیشن کا بھی انعقاد عمل میں آیا، جس میں طلبہ و طالبات کے متعدد گروپوں نے حصہ لیا اور انھوں نے غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے بہترین سائنسی ماڈلز پیش کیے جن کا قومی اردو کونسل کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر جناب کمل سنگھ، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر و میلہ انچارج جناب اجمل سعید اور سپرنٹنڈنٹ جناب منیر انجم اور میلہ کمیٹی کے مقامی ذمے داران نے خصوصی طور پر معائنہ کیا اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ آج کے میلے میں عام شائقین کتب کے علاوہ مختلف علمی، ادبی و سماجی شخصیات نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی جن کا قومی اردو کونسل اور اردو کتاب میلہ کمیٹی کے ذمے داران و اراکین نے استقبال کیا اور میلے میں ان کی شرکت پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ کونسل کے ذمے داران نے مالیگاؤں کے ایس پی، ڈپٹی ایس پی اور پولیس انچارج کا بھی ان کے تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا اور نشانِ تشکر پیش کیا۔ اس موقعے پر افسران کے ساتھ کونسل کے ذمے داران نے شجرکاری بھی کی۔ واضح رہے کہ قومی اردو کونسل کے زیر اہتمام جاری یہ میلہ اب اپنے اختتامی مرحلے میں پہنچ گیا ہے اور آج میلے کا آخری دن ہے۔ اب تک مالیگاؤں اور دیگر مقامات کے لاکھوں افراد اس میلے میں آکر استفادہ کر چکے ہیں اور کم و بیش ساٹھ لاکھ کی کتابیں خریدی جا چکی ہیں، مگر جو لوگ اب بھی میلے میں نہیں آسکے ہیں ان کے لیے یہ آخری دن غنیمت ہے۔ وہ اس قومی میلے میں آکر اپنی پسند کی معیاری کتابیں خرید سکتے ہیں اور اپنی لائبریریوں میں گراں قدر کتابوں کا اضافہ کر سکتے ہیں۔ خصوصا قومی اردو کونسل کے سٹالز پر علم و ادب و تنقید کے علاوہ طب و صحت، سائنس، فلسفہ، جغرافیہ، قانون، تاریخ وغیرہ جیسے موضوعات پر نہایت عمدہ اور بیش قیمت کتابیں بہت مناسب اور رعایتی قیمتوں پر دستیاب ہیں، مطالعہ و کتب بینی سے دلچسپی رکھنے والے والے حضرات و خواتین کے لیے یہ بہت سنہرا موقع ہے کہ اگر وہ اب تک اس میلے میں نہیں آسکے ہیں تو آج ضرور میلے میں آئیں اور دیگر سیکڑوں اداروں کی مطبوعات سمیت خصوصا قومی اردو کونسل کی نہایت معیاری کتابیں حاصل کریں۔

(رابطہ عامہ سیل)